SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
August 15, 2016

ایس ای سی پی نے ماہِ جولائی میں 386 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں۔

اسلام آباد (۱۵ اگست) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے جولائی کے مہینے میں 386 کمپنیاں رجسٹر کیں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 85 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ، بارہ فیصد سنگل ممبر جبکہ باقی تین فیصد میں پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسو سی ایشن اور غیر ملکی کمپنیاں شامل ہیں۔ گزشتہ ماہ سب سے زیادہ کمپنیاں تجارت کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد 61 ہے، خدمات کے شعبے میں 45 ، تعمیرات کے شعبے میں 42 ، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں 37 ، سیاحت میں 23 ، انجینئرنگ میں 14 ، رئیل اسٹیٹ ڈولپمنٹ اور آٹو الائیڈ میں 13، 13 ٹیکسٹائل میں 12 ، کھانے پینے و مشروبات میں 11 ، ایندھن و توانائی میں 10 ، ادویہ سازی میں بھی 10 اور 95 کمپنیاں دوسرے مختلف شعبوں میں اور 5 بین الاقوامی کمپنیاں اسلام آباد، لاہور اور کراچی میں رجسٹر ہوئیں۔

علاوہ ازیں، جولائی کے مہینے میں 32 کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان سرمایہ کاروں کا تعلق افغانستان، آسٹریلیا، کینیڈا، چین، فرانس، اٹلی، قازقستان، ملائیشیا، نیدرلینڈ، پورٹوریکو، سنگاپور، سپین، تھائی لینڈ، برطانیہ اور امریکہ سے ہے۔ یہ سرمایہ کاری آٹو الائیڈ، تعمیرات، مواصلات، کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ، کھانے پینے و مشروبات، ایندھن و توانائی، انفرمیشن ٹیکنالوجی، کاغذ اور بورڈ، پاور جنریشن، خدمات، سٹیل، تجارت، ٹرانسپورٹ اور دوسرے مختلف شعبوں میں کی گئی۔ ماہ جولائی میں سب سے زیادہ رجسٹریشن، اسلام آباد کے کمپنی رجسٹریشن آفس میں ہوئی جہاں 130 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ 124 لاہور، 88 کراچی، فیصل آباد میں 12 ملتان میں 18، پشاور میں 13 اور کوئٹہ میں ایک کمپنی رجسٹر ہوئی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432